عقیدۂ ختمِ نبوّت اور تکفیرِ مرزائیت

میرے نزدیک تکفیرِ مرزائیت کی پانچ وجوہات ہیں

۱ : دعوائے نبوت

۲ : دعوائے شریعت

۳ : توہین انبیاء علیہم السلام

۴ : انکارِ متواترات وضروریات دین

۵ : سبِّ انبیاء علیہم السلام

ختمِ نبوت کا عقیدہ اسلام کے اہم بنیادی مسائل میں سے ہے اور خاتم النبیین کے جو معنی قادیانی بیان کرتے ہیں آیات قرآنی واحادیثِ صحیحہ سے اس کی تائید نہیں ہوتی۔ ختمِ نبوت کا عقیدہ قرآن مجید کی بہت سی آیات سے، احادیث متواتر المعنیٰ سے، اور قطعی اجماع امّت سے روزِ روشن کی طرح ثابت ہے، اس کا منکر قطعاً کافر ہے کوئی تاویل وتخصیص اس میں قبول نہیں کی گئی۔ اس میں تاویل وتخصیص کرنے سے وہ شخص ضروریات دین میں تاویل کرنے کی وجہ سے منکر ضروریاتِ دین سمجھا جائے گا۔ ختم نبوت کے بارے میں ہمارے پاس تقریباً دوسو احادیث ہیں۔

محدث العصر حضرت مولانا
محمد انور شاہ کشمیری رحمۃ اللہ علیہ

۱۳ ستمبر ۱۹۳۲ء